سوال

قربانی کے مسائل

جواب

کسی کو قربانی کا جانور خرید کرلے دینا السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا ہم قربانی کےلیے کسی کو قربانی کا جانور خرید کر دے سکتے ہیں ۔ ؟ ہمارے ایک دوست کا سوال تھا کہ ان کے پاس دو جانور تھے ،ایک جانورانہوں نےاپنے کسی عزیز کے گھر والوں کو دے دیا ہے ،جب کہ انکا عزیز فوت ہوچکا ہے ، توانہوں نے ایک جانوراپنے اس عزیز کے گھر والوں کو دے دیا ہے تاکہ وہ بھی قربانی کر سکیں ، توکیا اس طرح کرنا جائز ہے ؟ کیاانکے عزیز کے گھر والوں کی اس طرح قربانی ہو جائے گی ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد ! ایسا کرنے کرنے میں بظاہر کوئی ممانعت نظر نہیں آتی ، بلکہ اس میں لوگوں کے ساتھ تعاون اور ہمدردی کا جذبہ پایا جاتا ہے ، لیکن اس عمل سے قربانی اسی شخص کی ہوگی ،جس نے جانور خرید کر دیا ہے اوراس کا ثواب بھی اسی کوملے گا ۔ جن کو جانور دیا گیا ہے ،ان کی قربانی اس سے نہیں ہوگی ۔ ہاں البتہ اس میں یہ طریقہ ہوسکتا ہے کہ آپ ان کووہ جانوریا اس کی قیمت (بطور قربانی کی بجائے) بطورہدیہ دے دیں ،تاکہ وہ جانور کے مالک بن جائیں یا نیا جانور خرید لیں ، تواس طرح ان کی اپنی ہی قربانی شمار کی جائے گی ۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی